# SENATE OF PAKISTAN

# SENATE DEBATES

*Wednesday, September 0 1, 1999*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad, at twenty minutes past six in the evening with Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad) in the Chair.

---

*Recitation from the Holy Quran*

---

بسم اللہ الرحمن الرحیم

ان الذین امنوا وعملوا الصلحت کانت لھم جنت الفردوس
نزلاO خلدین فیھا لایبغون عنھا حولاO قل لوکان البحر
مداد الکلمت ربی لنفدالبحر قبل ان تنفد کلمت ربی ولو
جئنا بمثلہ مددآO

ترجمہ، جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے کام بھی اچھے کئے، یقیناً ان کے لئے الفردوس کے باغات کی مہمانی ہے۔ جہاں وہ ہمیشہ رہا کریں گے، جس جگہ کو بدلنے کا کبھی بھی ان کا ارادہ ہی نہ ہو گا۔ کہہ دیجئے کہ اگر میرے پروردگار کی باتوں کے لکھنے کے لئے سمندر سیاہی بن جائے تو وہ بھی میرے رب کی باتوں کے ختم ہونے سے پہلے ہی ختم ہو جائے گا، گو ہم اسی جیسا اور بھی اس کی مدد میں لے آئیں۔

## PANEL OF PRESIDING OFFICERS

**Mr. Chairman:** In pursuance of sub-rule (1) of Rule 14 of the Rules of the Procedure and Conduct of Business in the Senate 1988, I nominate the following memebers in order of precedence to form a Panel of Presiding Officers for the 101st Session of the Senate of Pakistan.

1. Mr. Muhammad Akram Zaki.
2. Mr. Khuda-e-Noor.
3. Dr. Jamiluddin Aali.

**Mr. Chairman:** Yes Mian Raza Rabbani.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, this is a very important point. Sir, the point is that keeping in view this regime's attitude, particularly towards the Senators and the Senate of Pakistan and generally towards parliamentarians. A colleague of our Senate Mr. Ali Nawaz Shah was made a victim of brutal police *lathi charge* at Hyderabad on the 25th August and not only that but he had subsequently been charged and booked under the Anti-terrorism Amendment Ordinance 1999, which at that time, when he was booked has lapsed and was a lapsed Law. He has been detained in Central Prison Hyderabad and in keeping with tradition, the Leader of the Opposition wrote to you on the 30th of last month that Senator Ali Nawaz Shah be produced for this session. That letter was received by your secretariat at 12:00, 12:30 noon on the 30th of August under rules 72(a) that he be produced. But it is most unfortunate that till 12:00, 12:30 when I got intouch, you were not available, I got intouch with the Secretary of the Senate. And I was told that till 12:00, 12:30 the Senate Secretariat did not even bother to issue the letter of production for Senator Ali

Nawaz Shah. And when I protested on this, I would like to state on the floor of this House that the attitude of the Secretary Senate.was so casual

کہ آج کی تاریخ میں جب پورا پاکستان جل رہا ہے، تو سیکریٹری سینٹ مجھے کہتے ہیں کہ جناب اگر آج نہیں آئے تو کوئی بات نہیں کل کے اجلاس میں آ جائیں گے۔ سینیٹر علی نواز شاہ یہاں پہ سینٹ سیکریٹریٹ کی بھیک پہ نہیں آ رہا،

Senator Ali Nawaz Shah is coming here under his own right. He is coming here under the rules and I would most humbly submit to you that you ask the Senate Secretariat not to issue such casual remarks and I would also most humbly request you that once you had ordered to be issued, why is the Senate Secretariat keep sitting on it and that why is not Senator Ali Nawaz Shah present in the House today. It is his right to be present in the House.

It is a requisitioned session. He has been made victim of state brutality. He has been a victim by this fascist regime and Senate Secretariat has played with the rules, I would say, sir, I am excluding you from this because you issued the orders but the Senate Secretariat has colluded with the regime and thus made sure that Senator Ali Nawaz Shah is not produced today.

We, in the combined Opposition take strong exception to this and we would demand from you, sir, that you please ensure, make a direction, categorical direction to the government that your orders be implemented and that tomorrow Senator Ali Nawaz Shah should be present in the House and that the Senate Secretariat should be asked as to why the production orders were not issued for him.

Mr. Chairman: I will look into this. Yes, Mandokhel Sahib.

Mian. Raza Rabbani : Sir, kindly issue directions to the

government.

Mr. Chairman: I don't issue such directions in the House, you know it.

Mian Raza Rabbani : Sir, you used to issue such directions in the House.

جناب چیئرمین، ہاؤس کے اندر یہ بات نہیں ہوتی۔

Mian Raza Rabbani: Sir, you always issue such directions in the House. Sir, I am your victim.

Mr. Chairman: As you know, I have already issued orders. You have made certain observations. I will deal this matter in my office. Yes, Mandokhel Sahib.

آرڈر جاری ہو گئے ہیں۔ لیکن further جیسا کہ انہوں نے کہا ہے I will look into it کہ کب آئے ہیں کیونکہ مجھے آج پتہ چلا ہے کہ کوئی request آئی ہوئی ہے۔ In the moment, I would not have issued orders but I will deal with it, I will look into it. جی مندوخیل صاحب۔

میاں رضا ربانی، تیس کو I have it here ساڑھے بارہ بجے request entertain ہوئی ہے۔ یہ جان بوجھ کے حکومت نے کیا ہے جناب چیئرمین۔ You kindly find out it, Mr. Chairman, your Secretary is sitting here. This is a matter pertaining to the production of a Senator.

Mr. Chairman: I don't deal with my staff in the House, I will deal with it in the Senate office. Yes, Mandokhel Sahib.

اسے میں examine کروں گا in detail examine کروں گا۔

میاں رضا ربانی، جناب! ابھی پوچھیں ان سے کہ آرڈرز بھیجے ہیں کہ نہیں بھیجے۔

جناب چیئرمین، میں دفتر میں آرام سے ساری بات سنوں گا۔ I have already issued orders. They have gone but all that you have said, I will examine it in my office. کب آیا، کب پہنچا۔ I will look into all this.

میاں رضا ربانی، آپ فوٹو کاپی مجھ سے لے لیں۔ اس پہ وقت درج ہے when it was received.

جناب چیئرمین، دے دیں۔ صوبیدار خان مندوخیل۔

جناب صوبیدار خان مندوخیل، جناب! مجھے اپوزیشن والے بھائیوں کا بڑا احترام ہے، میں ان کی عزت کرتا ہوں لیکن رضا ربانی صاحب مجھے cannot give you orders, sir. If this is the attitude in the Senate then how can you run the Senate. I am sorry to say بہت افسوس ہے۔ I am very sorry to say...

(مداخلت)

جناب صوبیدار خان مندوخیل، جناب You cannot order the Chairman, آپ آرڈر نہیں دے سکتے۔ آپ نے اس ہاؤس کو چلانا ہے۔

(مداخلت)

## QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman:** Question Hour. I think, we will now go to the Question Hour. Dr. Muhammad Ismail Buledi Sahib, Question No. 1. On his behalf, Answer taken as read. Iqbal Haider Sahib.

1. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Environment, Local Government and Rural Development be pleased to state:

(a) the names of the Parliamentarians whose funds have been released so far under Tameer-e-Watan Programme 1998-99, indicating also the amount

released in each case, separately;

(b) whether there is any proposal under consideration of the Government to release the funds of remaining parliamentarians, if so, when;

(c) the criteria adopted for the release of the said funds; and

(d) the funds are marked under this programme for the current financial year?

**Makhdoom Syed Ahmed Mehmood:** (a) Requisite information is at Annexure-I.

(b) No.

(c) Development schemes of Parliamentarians duly recommended by District Development Committee and approved by the Federal Development Committee are eligible for release of fund subject to availability of funds.

(d) Rs. 3000 million has been earmarked for the current financial year for Tameer-e-Watan Programme.

*(Annexure has been placed on the Table of the House and a copy has also been provided to the Member)*

**Mr. Chairman:** Any supplementary question?

**Syed Iqbal Haider:** Supplementary question is this that the list of the members of the Parliament supplied as an annexure which is not provided to the members sir, No.1. No.2, I have learnt that 160 members of Parliament from Punjab have been sanctioned their development schemes and from Sindh there are only 20 members. Sir, the height of discrimination, that you may kindly notice that, even in grant of the development schemes, there are 19 Senators from Sindh and 36 MNAs, out of that only 20 belonging to the Treasury benches, have been

granted schemes and 160 members of Parliament from Punjab have been granted. You, please, look at the annexure sir which is with you.

Now, this height of discrimination sir that even in development schemes when Sindh required more development, there are more under developed areas and also Balochistan sir and also Frontier.

Mr. Chairman: O.K.

میں بتا دوں کہ آج سارے پارٹی لیڈر اکٹھے ہوئے تھے ۔ انہوں نے ایک فیصلہ کیا ہے کہ تین سے زیادہ supplementary نہیں ہوں گے اور مہربانی کر کے question کے ساتھ تقریر نہ ہو۔

سید اقبال حیدر۔ ٹھیک ہے۔ I agree sir.

جناب چیئرمین۔ اب میں چوتھے سوال کے لئے کسی کو اجازت دوں تو آپ مجھے بتائیں گے کہ جناب یہ چوتھا سوال ہے۔ اب اجازت نہیں ہو گی۔

سید اقبال حیدر۔ بالکل صحیح ہے۔ thank you sir.

جناب چیئرمین۔ جی احمد محمود صاحب۔

مخدوم سید احمد محمود۔ پہلا سوال تھا, annexure-1 (c) وہ اسی کے اندر ہے۔

جناب چیئرمین۔ وہ جو سوال پوچھتا ہے اس کو مل جاتا ہے۔

مخدوم سید احمد محمود۔ نہیں اس میں بھی annexure-1 دیا ہوا ہے۔ دوسرا انہوں نے کہا تھا کہ discrimination ہوئی ہے۔ میں آپ کو اس floor of the House پہ یقین دلاتا ہوں کہ جہاں تک میری Ministry کا تعلق ہے، ہم نے کسی قسم کی کوئی discrimination نہیں کی ہے، جو سکیمیں وقت پہ ہمیں پہنچیں ہم نے ان کو release کر دیا بغیر دیکھے کہ یہ کس جماعت سے تعلق رکھتے ہیں۔

جناب چیئرمین۔ جی جناب رجوانہ صاحب۔

جناب رفیق احمد رجوانہ۔ جناب funds release نہیں ہوئے۔ اس کے لئے کافی تگ و دو ہو رہی ہے۔ اس سلسلے میں Parliamentarians نے جناب وزیر اعظم صاحب سے بھی

ملاقات کی ہے ۔ میرا خیال ہے کہ 60 یا 70% حضرات کی سکیمیں release نہیں ہوئی ہیں۔ دوسرا وزیر موصوف یہ بتائیں گے کہ جو assurance دی گئی تھی کہ وہ پیسے release ہو جائیں گے، اس بارے میں کیا صورت حال ہے؟

**جناب چیئرمین۔** جی Minister for Local Government

**مخدوم سید احمد محمود۔** جناب چیئرمین! اصل میں یہ ہوا کہ 98-99 کا جو تعمیر وطن پروگرام تھا وہ مخصوص حالات کے تحت late شروع ہوا اور ممبران سینٹ اور قومی اسمبلی کی جو demands تھیں اور جو identifications تھیں وہ اتنی late پہنچیں کہ اس میں صرف ہمارے پاس سال کے آخری دو quarters رہ گئے تھے۔ جب آخری دو quarters رہ گئے تو ہم نے Finance سے 3000 million demand کیے۔ انہوں نے آخری دو quarters میں ہمیں 1450 million کے قریب release کیا، جون تک کیونکہ closing تھی، 98-99 کا یہ تعمیر وطن پروگرام تھا اس کو جون 1999 میں ختم ہونا تھا۔ جتنا ہم کر سکے ہم نے کیا۔ میں اس House کو اور اس House کے توسط سے قومی اسمبلی کے ممبران کو یقین دلاتا ہوں کہ 99-2000 چونکہ ہمیں پورا سال ملا ہے، ہم نے identification کی اور ممبران چاہے سینٹ کے ہوں یا قومی اسمبلی کے ہوں، بروقت ہم نے request بھیج دی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ ممبران کی بروقت identification اس بات کو ensure کرے گی کہ 99-2000 کا تعمیر وطن پروگرام ہم مکمل طور پر furnish کر سکیں گے اور اس کے funds کو بھی release کر سکیں گے۔

**جناب چیئرمین۔** شکریہ ۔ جی مولانا حافظ فضل محمد صاحب۔ آگے بھی سوال آئیں گے، نہیں، نہیں اس میں تو یہ تیسرا سوال ہے۔

**حافظ فضل محمد ۔** جناب عالی! Minister صاحب یہ فرما رہے ہیں کہ ہمیں بروقت سکیمیں نہیں ملیں، جو انہوں نے date متعین کی تھیں، اس سے پہلے ہم نے جمع نہیں کی تھی، یقیناً جو کچھ ملامت ہے وہ ہم پر ہے لیکن ہم نے اس date سے پہلے جمع کر دی تھیں ۔ یہاں جن لوگوں کو انہوں نے رقم release کی ہے حالانکہ last تاریخ میں انہوں نے سکیمیں جمع کی تھیں۔ جبکہ ہم نے مقررہ تاریخ سے بہت پہلے اپنی سکیمیں جمع کرا دی تھیں اور یہاں فلور پر دو دفعہ ان کے انتہائی ذمہ دار منسٹر نے پورے ایوان کو یہ ضمانت دی تھی کہ آپ اس تاریخ سے

پہلے سکیمیں جمع کرا دیں، ہم آپ کی سکیموں کو منظور کر دیں گے اور پیسے ریلیز کر دیں گے۔ جناب والا! ایک دفعہ پہلے بھی میں نے آپ سے درخواست کی تھی ، اب لوگ ہمارے گلے پڑ رہے ہیں ، ہم نے سکیمیں بنا کر بھیج دیں اور لوگوں میں اعلان کر دیا ، پوری دنیا کو پتہ چل گیا کہ اب ممبروں کو فنڈز مل رہے ہیں ۔ اب روز ہمارے گھروں پر لوگوں کا ایک جم غفیر جمع ہوتا ہے اور پوچھتا ہے کہ وہ فنڈز کہاں گئے ؟ سکیمیں کہاں گئیں؟ کیا آپ خود کھا گئے؟ لوگ ہمارے گلے پڑ رہے ہیں ۔ اب وزیر صاحب ہماری جان چھڑائیں اور ہمیں کوئی واضح پالیسی بتا دیں کہ آئندہ کے لئے ان کی کیا پالیسی ہے۔ ہم نے سکیمیں وقت سے پہلے جمع کرا دی تھیں، ان کے بارے میں وہ کیا کہتے ہیں۔

**مخدوم سید احمد محمود۔** جناب والا! مجھے اس بات کا احساس ہے ۔ تین ہزار ملین کا پروگرام تھا ، 1453 million release ہوئے اور جن ممبروں کے فنڈز ریلیز ہوئے وہ خوش ہیں، جن کی partial release ہوئیں وہ بھی پریشان ہیں اور جن کے بالکل releases نہیں ہوئے وہ بھی پریشان ہیں لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ اس میں ہمارا قصور بہت کم ہے ، identification کر دینا الگ چیز ہے ، اس کے بعد اس کا cost estimate بنتا ہے ، اس کی viability کو دیکھا جاتا ہے ، feasibility کو دیکھا جاتا ہے ، concerned department سے meeting ہوتی ہے ، district development committee ان سکیموں کو approve کر کے ہمارے پاس بھیجتی ہے ۔ میں نے اپنی دشواری ایوان کے سامنے رکھ دی ہے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین۔** سچی بات یہ ہے کہ مجھے کچھ سمجھ نہیں آ رہی ۔ آپ کیا کہنا چاہ رہے ہیں ۔ منڈ صاحب! فرمائیے کیا problem ہے ۔

**جناب بشیر احمد منڈ ۔** جناب والا! میں عرض کرتا ہوں ۔ انہوں نے خود ہمیں وزیر اعظم صاحب کا تعمیر وطن پروگرام سے متعلق خط بھیجا ۔ جو انہوں نے ہمیں کوٹہ دیا تھا اس کے مطابق ہم نے انہیں اپنا پروگرام دے دیا ۔ اب منسٹری کا کام تھا ۔ پہلے انہوں نے ٹی وی پر اعلانات کئے ، مشاہد حسین نے کئی دفعہ تقاریر کیں ، وزیر اعظم صاحب نے جلسوں میں جا کر اعلان کر دیا کہ اب آپ کا وطن خوشحال ہو جائے گا، نواز شریف میدان میں اتر گیا ہے ۔ اب وہ پٹڑی

سے اتر گیا ہے، ان کی منسٹری کیا کر رہی ہے؟

If they cannot do their function, what are the Ministers sitting here for. They invited us to give them the programme, we gave it to them. And then, they infront of you said, these funds are not lapsable. Afterwards they said these funds are lapsable. Now, they have involved the Senators in a game which they are players of and they have not played their part well. So, this Senate from the Opposition side, vehemently and strongly condemns the efficiency of this Ministry and the fraud that the Prime Minister has played on the nation.

*(At this stage Aazan for Maghrib prayers was heard)*

**Mr. Chairman:** The House is adjourned for 15 minutes for Maghrib prayers.

*(The House was then adjourned for Maghrib prayers)*

---

*(The House reassembled after Mughrib Prayer with*

*Mr. Chairman (Mr. Wasim Sajjad)in the Chair.)*

**Mr. Chairman:** Question No.2. Dr. Ismail Buledi.

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** جناب والا! میری ایک عرض ہے کہ میں اور جگہوں کو تو نہیں جانتا لیکن بلوچستان میں کوئی سات اضلاع ایسے ہیں جہاں District Development Committee بھی نہیں ہے۔ پنجاب میں تو اربوں روپے خرچ ہو رہے ہیں اور ہم تو دھکے کھا رہے ہیں۔ اس کا مقصد کیا ہے۔ جناب والا! ایک واضح پالیسی ہونی چاہئے۔

**جناب چیئرمین۔** وزیر صاحب لوکل کمیٹی کا چیئرمین کون ہے۔

**مخدوم سید احمد محمود۔** جناب میجر مختار صاحب ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** میجر مختار صاحب سے ہم کہتے ہیں کہ وہ کمیٹی کی میٹنگ بلا لیں۔ اس میں آپ سب کے اعتراضات سنیں اور دیکھیں you can come to some understanding

کیوں کہ بہت سی شکایات ہیں۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔** جناب والا! ہم walk out کرتے ہیں۔

**جناب چیئرمین۔** ابھی نہ کریں۔ میرا خیال ہے آپ کمیٹی میں کھل کر بات کریں اور ان کا موقف بھی سنیں اور اپنی بات بھی سنائیں۔

**جناب اکرم شاہ خان۔** ہمیں یہ ایک فقرے میں بتا دیں کہ آئندہ ہم 2000 کی سکیمیں جمع کرائیں یا نہیں۔

**جناب چیئرمین۔** جی وزیر صاحب آئندہ یہ 2000 کی سکیمیں جمع کرائیں یا نہ کرائیں۔

**مخدوم سید احمد محمود۔** ہم نے جناب بغیر کسی discrimination کے تمام معزز سینیٹرز کو لیٹر لکھ دیئے ہیں کہ وہ اپنی سکیمیں جمع کروائیں۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک۔** جناب میں بہت معذرت کے ساتھ کہتا ہوں کہ وزیر صاحب نے جو جواب یہاں دیا گیا ہے وہ بالکل غلط بیانی پر مبنی ہے۔ اس میں تو اور بہت سے شکوک پیدا ہوتے ہیں، اس لئے یہ مسئلہ بہت نازک ہے اور اگر آپ اس پر واضح طور پر کچھ نہیں کہہ سکتے، واضح جواب نہیں دیتے کہ آپ نے کیا کرنا ہے تو ہم یہاں اس کو نہ صرف یہ سمجھتے ہیں کہ ہمیں فنڈ نہیں دیا جاتا بلکہ ہم اس کو اپنی اور پورے ہاؤس کی بے عزتی بھی سمجھتے ہیں کہ ایک وزیر غلط بیانی کرتا ہے، بے بنیاد باتیں کرتا ہے، اس ہاؤس کا استحقاق مجروح کرتا رہتا ہے، وہ صاف طور پر اگر کچھ نہیں کہتا تو ہم یہاں بیٹھے کیوں ہیں۔ تو وہ واضح جواب دے دیں، نہیں تو ہم مجبور ہوں گے کہ ایک منٹ کے لئے واک آؤٹ کریں۔

**جناب چیئرمین۔** نہیں خٹک صاحب! میں نے عرض کی تھی کہ ایک کمیٹی کی میٹنگ بلا لی جائے، وزیر صاحب آجائیں، وہ سینیٹر حضرات جن کے ذہنوں میں کچھ سوالات ہیں وہ آجائیں، کھل کر، صاف صاف بات ہوجائے تاکہ وزیر صاحب کو بھی ایک موقع مل جائے گا بتانے کا، آپ کے سوالات کے جواب دینے کا کیونکہ اس وقت تو سوالات کے جوابات اتنے واضح نہیں آ رہے ہیں۔

**جناب خدائے نور۔** جناب چیئرمین! اس طرح تو پندرہ، بیس دن اور لگ جائیں گے۔

**جناب چیئرمین،** نہیں، نہیں، پندرہ، بیس دن نہیں، ہفتہ کو بلالیں۔

**جناب محمد زاہد خان،** جناب چیئرمین! میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔

**جناب چیئرمین،** نہیں بات وہی ہوگئی اور تین سوالوں والی بات رہ جائے گی۔ آج فیصلہ یہ ہوا تھا۔

**جناب محمد زاہد خان،** جناب اس میں وزیر صاحب نے کہا کہ 2000-1999 کی آپ اسکیمیں دے رہے ہیں۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین،** جی جناب خٹک صاحب۔

**جناب محمد اجمل خان خٹک،** جناب ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارے اعتماد کو، ہمارے استحقاق کو مزید مجروح کیا جا رہا ہے، اس کے باوجود ادھر سے ساتھی یہ کہہ رہے ہیں اور جیسا کہ میں نے بھی کہا کہ احتجاج کریں، واک آؤٹ کریں اور بیچ کا راستہ یہ ہے کہ آپ جا دیں کہ کل، پرسوں یا دو، تین دنوں کے اندر جو تجویز آپ پیش کرتے ہیں کہ میٹنگ ہوگی، وہ کیا اس کے لئے تیار ہیں؟

**جناب چیئرمین،** ہاں جی کیا آپ تیار ہیں؟

**مخدوم سید احمد محمود،** جی تیار ہیں جناب چیئرمین۔

**جناب چیئرمین،** جی تیار ہیں۔ جی میجر صاحب آپ چیئرمین ہیں لوکل گورنمنٹ کی کمیٹی کے۔ تو آپ اس طرح کریں کہ ہفتہ والے دن آپ میٹنگ بلالیں اس مسئلہ پر تاکہ اس میں وزیر صاحب بھی آجائیں اور جو جو اس میں شامل ہونا چاہے وہ اس میں چلا جائے اور اس پر پوری تفصیل سے بات ہو جائے اور میرے خیال میں اس میں راجہ صاحب اگر چلے جائیں اور میاں صاحب بھی چلے جائیں تو بہتر ہو گا۔

**مخدوم سید احمد محمود،** جناب اگر جمعہ کو بلالیں یا کل صبح بلالیں۔

**جناب چیئرمین،** نہیں جمعہ کو سیشن ہے اور پھر بعد میں جمعہ کی نماز کا وقت بھی

ہوگا۔ تو آپ ہفتہ کے دن رک جائیں' اس دفعہ نہ جائیں۔ تو ہفتہ کو میٹنگ ہوگی' وزیر صاحب! آپ نے یہاں موجود رہنا ہے۔ ٹھیک ہے۔ لیکن ہفتہ کو تو ہڑتال ہے' تو پھر سوموار کو رکھ لیں۔ ٹھیک ہے سوموار کو۔ جی میجر مختار صاحب آپ فرمائیے۔

**Maj. (Retd.) Mukhtar Ahmed Khan:** Sir, it is to be on Monday. So, then we will keep it at ten O'clock and all who want to attend they can.

**جناب چیئرمین،** بالکل ٹھیک ہے جی۔ سوموار کو دس بجے۔ اتفاق سے چوہدری شجاعت حسین has said, you raised this point with me, --- چوہدری صاحب! وہ production order issue ہوگیا ہے سینیٹر علی نواز شاہ صاحب کا' تو please make sure that he attends the session tomorrow. ٹھیک ہے جی۔ Now, Question No.2, Ismail Buledi sahib.

2. ***Dr. Muhammad Ismail Buledi:** Will the Minister for Communications be pleased to state:

(a) the details of structure claims given by the N.H.A. during the last two years; and

(b) the details of current structure claims at Okara-Lahore Road?

**Raja Nadir Pervaiz Khan:** The National Highway Authority has undertaken the National level projects throughout the country. To accomplish the given task the land is acquired for the projects and due compensation is paid for the land acquisition, structures and damages of crops. During the last two years 1621 structures have been removed and the amount of Rs.139 million have been paid to the affectees, whereas an amount of Rs.45 million is outstanding which will be paid once the funds are received. The length of Lahore-Okara Project (ACW) is 165 Kms and 1411 structures coming in the Right of Way have been removed. The total compensation of the 1411 structures comes to Rs.140 million, out of which payment of Rs.95 million has been paid whereas an amount

of Rs.45 million is outstanding against 685 structures of the said project, which will be paid as and when the funds are received.

Mr. Chairman: Any supplementary question on his behalf? Yes, Dr. Hayee sahib.

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ: میرا وزیر موصوف سے ضمنی سوال یہ ہے کہ یہ جتنے بھی لوگوں کے واجبات ہیں، وہ اکثر ان کو دیر سے دیئے جاتے ہیں یا نہیں دیئے جاتے۔ میرا ان سے ضمنی سوال یہ ہے کہ جس طرح سے آپ ان کی زمین لیتے ہیں، ان کی فصلیں تباہ ہوجاتی ہیں تو ان کو compensation بھی اسی طرح سے جلدی دیں۔ یہ اس میں لیت و لعل سے مہینے کے مہینے گزر جاتے ہیں، آپ اس کا کیسے ازالہ کریں گے۔

Mr. Chairman: Yes, Minister for Parliamentary Affairs.

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! پوزیشن یہ ہے کہ 139 million ایک اور دوسری 95 million، یہ دو رقوم ہیں جو ادا کی جانی تھیں۔ باقی ساری رقم ادا کردی گئی ہے، 45 million بقایا ہے وہ جوں جوں funds available ہوتے جائیں گے وہ ادا کردی جائے گی، تو جناب mainly رقم ادا کردی گئی ہے۔

Mr. Chairman: O.K. any other question? Yes, Masood Kauser sahib.

سید مسعود کوثر: میں وزیر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں۔

سید مسعود کوثر: میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ انہوں نے تو مہربانی کی کہ یہ بتا دیا کہ land acquisition کی قیمت وہ ادا کرتے جائیں گے۔ آج کل جس طریقے سے inflation ہے اور جس طریقے سے پیسے کی قیمت میں کمی آرہی ہے تو کیا آپ ان لوگوں کو جن کا یہ حق ہوتا ہے ان کو آپ compensate کرنے کے لئے تیار ہیں کہ آپ ان کو وہ پیسے دیں گے جو اس وقت کی قیمت ہوگی۔

جناب چیئرمین: جی منسٹر صاحب۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: جناب والا! اس کے لئے قانون موجود ہے اور اس

قانون کے مطابق رقم مقرر کی جاتی ہے اور پھر اس کے مطابق ادائیگی کی جاتی ہے۔

**جناب چیئرمین** ، ہو سکتا ہے کہ اس پر سود بھی ہو۔ جی جناب قائم علی شاہ صاحب۔

**سید قائم علی شاہ** ، میں وزیر موصوف سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ criterion جو compensation کا ہے کیا یہ ہر جگہ کے لئے ہے یا صرف اس سڑک کے لئے ہے کیونکہ ابھی کراچی، حیدر آباد کی جو سپر ہائی وے ہے وہاں notices جاری کئے ہیں نیشنل ہائی وے اتھارٹی نے compensation کے سوا وہ کہتے ہیں کہ تین دن کے اندر سارے پٹرول پمپ اٹھا لو۔ جو ڈھانچے روڈ سے کافی دور ہیں، دو سو، ڈیڑھ سو فٹ سے بھی کہیں دور ہیں، ان سب کو کہا ہے کہ آپ کے illegal structures ہیں جو برسوں سے، جب سے سپر ہائی وے بنا ہے تب سے ہیں۔ ابھی موٹر وے بنا بھی نہیں رہے ہیں اور نہ وہ ابھی فیڈرل گورنمنٹ کو ٹرانسفر ہوئے ہیں۔ پہلے ہی سے صرف تین دن کا نوٹس دے کر ان کو خالی کرنے کے لئے کہا گیا ہے۔ لاکھوں کروڑوں کی جائیدادیں توڑ کر تین دن کے اندر چھوڑ دیں۔ یہ تو draconian قسم کے احکامات ہیں۔

**جناب چیئرمین** ، جی منسٹر برائے پارلیمانی امور ۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** ، جناب والا! جہاں کہیں گورنمنٹ زمین acquire کرتی ہے تو procedure کے مطابق ان کو compensation دی جاتی ہے، قانون کے مطابق ان کو نوٹس دیا جاتا ہے۔ اگر کسی جگہ پر کسی شخص نے violate کیا ہے اس قانون کو تو اس کے لئے قانونی چارہ جوئی کی جا سکتی ہے۔

**جناب چیئرمین** ، شکریہ جی۔

**سید قائم علی شاہ** ، جناب میں نے کہا ہے کہ اس نوٹس میں سب کو، جس میں پچاس کے قریب تو پٹرول پمپس ہیں، ان سب کو کہا گیا ہے کہ تین دن کے اندر آپ dismantle کریں اور possession ہمیں دے دیں۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو**، جناب والا ! اس سوال میں تو یہ بات نہیں آتی۔

**سید قائم علی شاہ** ، جناب یہ جنرل سوال ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو** ، وہ سوال دے دیں پھر ہم اس کا جواب دے دیں گے۔

جناب چیئرمین : اگلا سوال نمبر ۳ اسمٰعیل بلیدی صاحب۔

3. *Dr. Muhammad Ismail Buldei: Will the Minister for Communications be pleased to state the time by which the construction work of Gawadar Motorway will start.

Raja Nadir Pervaiz Khan: Construction of Makran Coastal Road, connecting Gawadar with rest of the country, is expected to start before end 1999.

جناب چیئرمین : جی سیف اللہ پراچہ صاحب سپلیمنٹری۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ : جناب! انہوں نے جواب میں یہ لکھا ہے کہ end of 1999 میں شروع ہو جائے گا۔ کیا وزیر صاحب یہ بتائیں گے کہ کتنے فنڈز پہلے ہی دیئے جا چکے ہیں اس پراجیکٹ کے لئے۔

جناب چیئرمین : یہ نمبر ۳ ہے مکران۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو : نہیں جی end of 1999 میں انشاء اللہ کام شروع ہو جائے گا۔ لیاری سے اگور تک اس وقت ٹینڈر ایشو ہو چکے ہیں۔ یہ لمبائی ہے 120 کلومیٹر کی۔ اس کی قیمت تقریباً دو بلین کے قریب ہے۔لہذا اس پر ترجیحی بنیادوں پر کام ہو رہا ہے۔ اس کے لئے رقم بھی فراہم کر دی گئی ہے اور ٹینڈر بھی ہو چکے ہیں۔

جناب سیف اللہ خان پراچہ : میرا سوال یہ نہیں تھا۔ میرا سوال یہ تھا کہ کتنی رقم آپ کو مل چکی ہے، ریلیف کتنا ہو چکا ہے۔ اس پراجیکٹ کے لئے' اس سڑک کے لئے۔

جناب چیئرمین : ریلیز کتنا ہو چکا ہے؟

میاں محمد یٰسین خان وٹو : عرض یہ ہے کہ اس سڑک کے لئے جس کے ٹینڈر ہو رہے ہیں اس کے لئے دو بلین روپے رکھے گئے ہیں۔

جناب چیئرمین : جی جناب جالب بلوچ صاحب۔

**جناب حبیب جالب بلوچ :** میرا ضمنی سوال یہ ہے کہ مکران کوسٹل روڈ جو اس end of yearمیں شروع ہو جائے گی، جس میں کچھ allocations کا بھی ذکر کیا گیا ہے۔ میرا سوال یہ ہے کہ اس سڑک کی تعمیر کے سلسلے میں کس کمپنی کو آپ نے ٹھیکہ دیا ہے۔ اس میں چیک اور بیلنس کا کوئی طریقہ کار آپ نے رکھا ہے کیونکہ ہمیشہ سڑکیں بنتے ہی ٹوٹنی شروع ہو جاتی ہیں بلکہ اس پر گھاس بھی اگنی شروع ہو جاتی ہے۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو :** ابھی کمپنی کو تو نہیں دیا گیا، ابھی اس کے لئے ٹینڈرز وغیرہ شروع ہوئے ہیں۔

**جناب چیئرمین :** جو procedure ہو گا وہ follow کیا جائے گا۔ جی ڈاکٹر حئی صاحب۔

**ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ :** جناب چیئرمین! یہ اس معزز ایوان میں ہم چھ سال سے سن رہے ہیں۔ یہ جو گوادر، رتو ڈیرو روڈ اور یہ کوسٹل روڈ کا ابھی تک ان کا یہی جواب ہے۔ میرا ضمنی سوال وزیر موصوف سے یہ ہے کہ آپ یہ بتائیں کہ یہ ٹینڈر کب ہو رہے ہیں؟ اس کو کیا فارن کمپنیاں کر رہی ہیں؟ پیسے کہاں سے آرہے ہیں یا یہ صرف گپیں ہیں۔ ایک exactبات بتائیں end of the 1999 کو ہم کیا سمجھیں۔ یہ واضح بتائیں کہ اس کے ٹینڈر کب اور کس وقت ہوں گے اور اس کے فنڈز کہاں سے آئیں گے؟ کیا اسے foreign companies مکمل کریں گی یا پاکستان اس کے لئے خود فنڈز مہیا کرے گا؟ آپ کب تک بلوچستان کے عوام کے ساتھ یہ ڈرامہ رچاتے رہیں گے کہ coastal road بن رہا ہے اور گوادر رتو ڈیرو روڈ بن رہا ہے؟ آپ یہ واضح بتائیں۔

**جناب چیئرمین :** جی واضح بتائیں کہ اس کے لئے فنڈز پاکستان دے گا یا باہر سے آئیں گے؟

**میاں محمد یٰسین خان وٹو :** جناب! میں نے یہ واضح کیا ہے کہ یہ کام شروع ہو رہا ہے۔ اس کے بارے میں ٹینڈر issue کئے جا چکے ہیں اور اس کے لئے ایک procedure ہے اس procedure کو process کر کے ہی یہ کام شروع کیا جائے گا۔ جناب! دو بلین کا کام ہے۔ کیا اس طرح کیا جا سکتا ہے کہ بغیر procedure سے اس کو شروع کر دیا جائے۔

**جناب چیئرمین :** فنڈز کہاں سے آئیں گے، کیا پاکستان مہیا کرے گا یا باہر سے؟

**میاں محمد یٰسین خان وٹو،** اس کا جواب میں اس وقت عرض نہیں کر سکتا۔

**جناب چیئرمین،** جی ثناء اللہ زہری صاحب۔

**سردار ثناء اللہ زہری،** جناب! جس طرح ڈاکٹر صاحب نے کہا ہے کہ یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔

**جناب چیئرمین،** زہری صاحب آپ اگلے سوال پہ یہ سوال کر لیں کیونکہ آج یہ فیصلہ ہو گیا ہے کہ تین سے زیادہ سوال نہیں ہوں گے۔ O.K. جی next question Haji Javed Iqbal Abbasi صاحب۔

**حاجی جاوید اقبال عباسی،** سوال نمبر چار۔

4. **Haji Javed Iqbal Abbasi:** Will the Minister for Environment, Local Government and Rural Development be pleased to state:

(a) the names, designation, pay scale, qualifications and experience of the Officers in BPS-18 and above (seniority-wise) working in the Pakistan Forest Institute, Peshawar;

(b) the number of posts of Directors and above lying vacant in the said Institute indicating also the date of vacancy and qualifications and experience required for appointment against these posts; and

(c) the time by which vacant posts of Directors/Director General will be filled up on regular basis?

**Makhdoom Syed Ahmed Mehmood:** (a) As per Annex-I.

(b) The following three posts of Directors and above are lying vacant:

1. Director General (BS-20)
2. Director (Forestory Research Division) (BS-19)
3. Director (Biological Science Research Division) (BS-19)

The above posts are vacant w.e.f. 1-1-1998, 10-11-1998 and 1-10-1996 respectively. The qualification and Experience are enclosed at Annex-II.

(c) There are three posts vacant in the Pakistan Forest Institute i.e. one post of DG (BS-20), and two posts of Directors (BS-19). The case of promotion against these vacant posts are under process which are expected to be finalized shortly.

The names, designaton, pay scale, qualifications and experience of the officers in BPS-18 and above seniority wise working in the Pakistan Forest Institute, Peshawar

| Sl No | Name and Designation | Present grade | Date of regular appointment to present grade | Qualification & experiences | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | Qualification | Experience |
| 1. | Raja Muhammad Ashfaque Director (Forest Education Division) | 19 | 12-2-1986 | M.C. Range Management (USA), M.S. Botany, (USA) M.Sc Botany (Sindh Univ) B.Sc (Hons) Forestry (Pesh:Univ) | [illegible] Years |
| 2. | Mr. Muhammad Yasin Director (Forest Products Research) | 19 | 14-3-1991 | M.Sc Chemistry (Punjab Univ) M.S. Wood & Paper Science (USA) | 32 Years |
| 3. | Mrs. Meher Nigar Ashique Coordinater Sericulture | 19 | 12-8-98 | M.Sc Zoology (Pesh:Univ) | 34 Years |
| 4. | Dr. Mirza Hakim Khan Forest Pathologist | 18 | 15-4-1982 | M.Sc Botany (Pesh:Univ) Ph.D Ecology (Turkey) | 31 Years |
| 5. | Dr. Muhammad Ayaz Deputy Director (Technical) | 18 | 15-4-1982 | M.Sc Botany, F.Sc Forestry (Pesh:Univ) Ph.D Forestry (Germany) | 32 Years |
| 6. | Mr. Safdar Ali Assistant Professor of Forestry | 18 | 15-4-1982 | M.Sc Forestry (Pesh:Univ) M.S. Forestry (USA) | 37 Years |
| 7. | Dr. Shams-ur-Rehman, Forest Geneticist | 18 | 15-4-1982 | M.Sc(Hons) Agriculture, NWFP.Agri.Univ Ph.D Forest Genetics (UK) | 33 Years |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 8. | Dr. Safdar Muhammad Rafiq Range Management Officer | 18 | 20-4-1983 | M.Sc. forestry (Pesh:Univ) Ph.D Range Management (USA) | 23 Years |
| 9. | Dr. Raza-ul-Haq Central Civil culturist | 18 | 25-5-1983 | M.Sc Forestry (Pesh:Univ) Ph.D Forestry (UK) | 33 Years |
| 10. | Mr. Fazal-e-Subhan Senior Research Officer | 18 | 9-9-1985 | M.Sc Forestry (Pesh:Univ) M.S Forest Resources (USA) | 30 Years |
| 11. | Raja Muhammad Zarif, Assistant Professor of Forestry | 18 | 9-9-1985 | M.Sc Forestry (Pesh:Univ) M.S Forst & Watershed Resources (USA) | [illegible] Years |
| 12. | Mr. Muhammad Khan, Senior Research Officer | 18 | 9-9-1985 | M.Sc Forestry (Pesh:Univ) M.S Forestry (USA) | 27 Years |
| 13. | Mr. K.M. Suleman, Senior Pulp and Paper Officer | 18 | 10-12-1985 | M.Sc Chemistry (Pesh:Univ) M.S.Forestry (Marketing), USA | 22 Years |
| 14. | Mr. Muhammad Afzal Cheema, Forest Mensuration Officer | 18 | 1-4-1986 | M.Sc. Maths, M.Sc Forestry (Pesh:Univ), M.Sc Stat(Pb.Univ) | 33 Years |
| 15. | Mr. Inayat Ahmad Hafiz, Senior Research Officer (Silkworm Pathology) | 18 | 14-4-1988 | M.Sc Zoology (Pesh:Univ) | 26 Years |
| 16. | Mr. Sarfraz Hussain Bangash, Soil Chemist | 18 | 12-7-1988 | M.Sc. Soil Science, M.Sc Forestry (Pesh:Univ) | 27 Years |
| 17. | Mr. Pazir Gul, Forest Chemist | 18 | 8-12-1988 | M.Sc. Chemistry (Pesh:Univ) | 30 Years |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 18. | Mr. Shakeel Haider Zaidi, Medicinal Plant Botanist | 18 | 15-12-1994 | B.Sc(Hons)M.Sc Agriculture, M.Sc Forestry (Pesh:Univ) | 30 Years |
| 19. | Mr. Hanif Gul, Forest Entomologist | 18 | 15-12-1994 | M.Sc Zoology (Pesh:Univ) | 25 Years |
| 20. | Dr, Naseem Akhtar Durrani, Medical Officer | 18 | 4-10-1995 | MBBS(Pesh:Univ) | 23 Years |
| 21. | Mr. Muhammad Shabbir Mughal, Forest Botanist | 18 | 22-5-1996 | M.Sc Botany B.Ed (Sindh Univ) M.Sc Forestry (Pesh:Univ) | 17 Years |

Annexure-II

The number of posts of Director and above lying vacant in the Pakistan Forest Institute, Peshawar indicating vacancy and qualifications and experience required for asppointment against these posts.

| Sl No | Name of the post | BPS | Date of vacancy | Qualifications & Experience |
|---|---|---|---|---|
| 1. | Director General | 20 | 1-1-1988 | i) Degree in Forestry, and<br>ii) 17 Years service in BPS-17 and above or 12 years service in BS-18 in case of direct recruits in BPS-18 or five years service in BPS-19 in case of direct recruits in BPS-19 |
| 2. | Director, Forestry Research Division | 19 | 10-11-1998 | i) Degree in Forestry<br>ii) 12 years service in BPS-17 and above or 7 years service in BPS-18, in case of direct recruits in BPS-18 |
| 3. | Director, Biological Sciences Research Division | 19 | 1-10-1996 | 12 years service in BPS-17 and above or 7 years service in BPS-18 in case of direct recruits in BPS-18 |

Mr. Chairman: Any supplementary question?

حاجی جاوید اقبال عباسی: جناب! میرا supplementary سوال یہ ہے کہ سوال نمبر۔۴ کے جواب کے آخر میں کہا گیا ہے کہ ۱۹ اور ۲۰ گریڈ کی دو دو آسامیاں خالی ہیں اور ان کو جلد fill up کر دیا جائے گا۔ میں ان سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ خالی آسامیاں کب تک fill up کی جائیں گی؟

جناب چیئرمین: جی مخدوم صاحب۔

مخدوم سید احمد محمود: جناب! تین آسامیاں خالی ہیں۔ گریڈ ۱۹ کی جو ایک آسامی ہے Director (Forest Research Division) والی تو fill ہو چکی ہے اور ایک آسامی جو Director (Biological Science Research Division) (BPS-19) کی ہے اس کے رولز کچھ change ہوئے ہیں۔ qualification کے اور جیسے ہی ان رولز کی notification ہو گی وہ بھی fill ہو جائے گی۔

Mr. Chairman: Any other question?

جی ثناء اللہ زہری صاحب فرمائیے آپ نے سوال نہیں پوچھا۔

سردار ثناء اللہ زہری: جناب! جیسے ڈاکٹر حئی صاحب نے کہا کہ گوادر کا مسئلہ بہت اہم ہے۔ پہلے تو ہم نوے سے سنتے آرہے تھے کہ گوادر پورٹ بن رہی ہے، گوادر پورٹ بن رہی ہے۔ جب میاں نواز شریف صاحب نے یہ سکیم شروع کی تھی تب سے، کہ گوادر پورٹ بن رہی ہے۔ خیر اس وقت میاں صاحب کی گورنمنٹ ختم ہو گئی۔ اب اس کے بعد سننے میں یہی آ رہا ہے کہ گوادر میں پورٹ بن رہی ہے کیونکہ کراچی پورٹ expire ہو گئی ہے اس لئے پاکستان کو ایک نئی پورٹ کی ضرورت ہے۔ اب ہم نے سننا شروع کیا ہے کہ coastal highway بن رہی ہے۔ موٹر وے سے اسے ملایا جا رہا ہے تو جس طرح ڈاکٹر حئی صاحب نے کہا کہ خدا را بلوچستان کے ساتھ مذاق نہ کیا جائے۔ اب ہم یہاں پر treasury benches پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ اس کا یہ مطلب ہرگز نہیں ہے کہ ہم بلوچستان کے مسئلوں سے غافل ہیں یا ہم غافل رہیں گے۔ جناب! آج ہمارے دوست ادھر بیٹھے ہوئے ہیں وہی کل ادھر بیٹھے ہوئے تھے---

جناب چیئرمین، تقریر کی اجازت نہیں ہے آپ سوال پوچھیں۔

سردار ثناء اللہ زہری، جناب! میں بات کرنا چاہ رہا ہوں یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔ ہو سکتا ہے کل ہم بھی انہی بنچوں پر جا کر بیٹھیں۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین، زہری صاحب آپ سوال کریں، تقریر نہ کریں۔

سردار ثناء اللہ زہری، جناب! جس طرح ڈاکٹر صاحب نے جذبات کے ساتھ بات کی، میں بھی جذباتی ہو کر بات کر رہا ہوں۔ میں Minister for Communications سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ ابھی کھل کر بتا دیں کہ آیا coastal highway بن رہا ہے یا نہیں بن رہا؟ اگر بن رہا ہے تو ہمیں بتا دیں کہ اس کے ٹینڈر کب ہو رہے ہیں اور اسے کون سی کمپنی بنا رہی ہے؟

جناب چیئرمین، یہ سوال اصل میں environment سے متعلق ہے آپ کا سوال اس سے raise نہیں ہوتا۔ this question does not arise on this question. Next question No. 5 Safdar Ali Abbasi, some body on his behalf.

Dr. Safdar Ali Abbasi: Sir, I am here.

*(interruption)*

جناب چیئرمین، آج سب فیصلے ہو چکے ہیں اس لئے میں مجبور ہوں۔

سردار ثناء اللہ زہری، جناب! یہ بہت اہم مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین، سارے ہی اہم مسئلے ہیں لیکن یہ متفقہ فیصلہ تھا۔ جی صفدر علی عباسی صاحب آپ سوال پوچھیں۔

Dr. Safdar Ali Abbasi: No.5.

5. *Dr. Safdar Ali Abbasi: Will the Minister for Law, Justice and Human Rights be pleased to state the names of the Additional/Adhoc Judges appointed in the Lahore High Court since February, 1997 indicating also the dates

of confirmation?

Reply not received.

**Mr. Chairman:** Reply not received.

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی:** جناب! میں یہی پوچھنا چاہ رہا ہوں۔

**جناب چیئرمین:** شیخ صاحب please صفدر علی عباسی کو سوال پوچھنے دیں کہ وہ کیا کہتے ہیں۔ اس کے بعد پھر آپ پوچھیں۔

**سردار ثناء اللہ زہری:** جناب! میرے سوال کا کیا بنا۔

**جناب چیئرمین:** آپ کا سوال اس سے arise نہیں ہوتا۔ آپ کا سوال تھا communicationsکے بارے میں۔ ہم سوال پوچھ رہے ہیں Environment کے بارے میں۔

**سردار ثناء اللہ زہری:** آپ نے پہلے کہا تھا کہ آپ سوال پوچھ سکتے ہیں۔

**جناب چیئرمین:** میں نے کہاں تھا جب relevant Ministry کے بارے میں سوال آئے تو آپ پوچھ لیں۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ Environment کے سوال پر آپ Communications کا پوچھ لیں۔ جی صفدر علی عباسی صاحب۔

**میاں محمد یٰسین خان وٹو۔** جناب والا! میں نے پہلے بھی عرض کیا ہے کہ اس سڑک کو ترجیحی بنیادوں پر مکمل کیا جائے گا اور ہر قیمت پر مکمل کیا جائے گا۔ اس کے بارے میں وزیر اعظم صاحب نے خصوصی حکم دیا ہے۔ اس پر کام شروع ہونے میں صرف تھوڑا سا وقت رہ گیا ہے۔

(مداخلت)

**جناب چیئرمین۔** سوال نمبر 5۔ صفدر علی عباسی صاحب۔ آپ تشریف رکھیں۔

**جناب چیئرمین۔** ضمنی سوال۔

**ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔** جناب والا! یہ ایک چھوٹا سا سوال ہے۔ میں نے کوئی تین ہفتہ پہلے پوچھا تھا کہ لاہور ہائی کورٹ میں گورنمنٹ نے کتنے Additional and Adhoc

یہاں "Reply not received" کہ" آیا ہے کا جواب میرے سوال - گئے ہیں Judges appoint
وزیر قانون صاحب بیٹھے ہوئے ہیں ، وہ بتائیں کہ اس سوال میں کون سی افلاطونی یا ارسطو کی زبان استعمال کی گئی ہے کہ اس کا تین ہفتے گزرنے کے باوجود جواب موصول نہیں ہوا ہے -

جناب چیئرمین- وزیر قانون صاحب ، خالد انور صاحب سوال نمبر 5 آپ سے متعلق ہے۔ اس کا جواب نہیں آیا ہے- وہ کہہ رہے ہیں کہ کیا وجہ ہے کہ It is very simple question. Why is the reply not given?

Mr. Khalid Anwar: Under the rules, we are entitled to have the thirteen days notice and we have been given only two days notice.

جناب چیئرمین- ڈاکٹر صاحب ! یہ صحیح کہہ رہے ہیں -

ڈاکٹر صفدر علی عباسی- میں نے جناب اس کا نوٹس 16 اگست سے دیا ہوا ہے -

جناب چیئرمین- ہوا یہ ہے کہ میں نے آپ کی requisition پر فوراً اجلاس طلب کر لیا ہے اور اس پر فیصلہ یہ ہوا ہے کہ All these questions will remain and will not lapse on the prorogation of the Senate. اس لئے خالد صاحب ! اس کا جواب اگلے سیشن میں آ جانا چاہیے- جناب رفیق صاحب-

جناب رفیق احمد شیخ- میرا point simple سا ہے کہ ہاؤس میں گرمی ہے اس لیے ہماری انتظامیہ تمام ممبران کو ایک ایک دستی پنکھا عطا کر سکتی ہے -

جناب چیئرمین - آپ کی بات صحیح ہے- - I think it is again a valid point of order.
کل We had the problem of airconditioning in the Senate and National Assembly. سی ڈی اے کے چیئرمین کو بلایا جائے And find out why the airconditioning is so defective that we are having the problem of aircoditioning in the House. Who is Minister incharge of the C.D.A.?

ڈاکٹر صفدر علی عباسی- چوہدری شجاعت صاحب ہیں-

جناب چیئرمین- چوہدری صاحب! آپ ہیں -

چوہدری شجاعت حسین۔ جی ۔

جناب چیئرمین۔ تو آپ چیئرمین سی ڈی اے کو بلائیں کیونکہ یہ معاملہ عرصہ سے چل رہا ہے۔ یہ مسئلہ آج کا نہیں ہے۔ it is being persisting for a long time. اس کا کوئی حل نکالیں۔ ان سے پوچھیں کہ اگر اس کی مشین خراب ہے اور نئی چاہیے تو پھر بھی بتا دیا جائے ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ چیئرمین سی ڈی اے ان کے کہنے پر نہیں آتا ہے ۔

ڈاکٹر صفدر علی عباسی۔ چیئرمین صاحب ان کے کہنے پر نہیں آتے ہیں ۔

ڈاکٹر عبدالحئی بلوچ۔ وہ وزیر اعظم کا منظور نظر ہے ۔ ان کے کہنے پر وہ نہیں آئے گا ۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین ۔ ٹھیک ہے۔ Minister for Interior will look into it. جناب زاہد خان صاحب ۔ سوال نمبر 6 ۔

6 . *Mr . Muhammad Zahid Khan: Will the Minister for Communications be pleased to state:

(a) the details of the Rest Houses of Post Office in the country;

(b) the number of Rest Houses/Rooms of these Rest Houses in occupation of DG, Post office; and

(c) whether any rent etc. is being paid by the D.G. for the said use, if not, its reasons?

30. ***Sheikh Zarif Khan Mandokhel:** Will the Minister for Environment, Local Government and Rural Development be pleased to state:

(a) whether there is any proposal uner consideration of the Government to construct farms to markets roads in Zhob and Loralai districts, if so, its details; and

(b) the amount of funds ear-marked for these roads in the current budget?

**Makhdoom Syed Ahmed Mehmood:** (a) The road from Zhob to Brunj Distt. Zhob of 40 Kms of length has been recommended by the Government of Balochistan which is under consideration of this Ministry.

(b) The funds will be estimated after loan is signed with Asian Development Bank.

## LEAVE APPLICATIONS

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** شیخ ظریف خان مندوخیل نے ذاتی مصروفیات کی بناء پر حالیہ مکمل اجلاس کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** جناب اجمل خٹک صاحب نے گزشتہ اجلاس کے دوران مورخہ ۱۲ تا ۱۳ اگست کو اجلاس میں شرکت نہ کرنے پر ایوان سے رخصت کی درخوانست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** جناب سیف اللہ خان پراچہ صاحب گزشتہ سویں اجلاس کے دوران مورخہ ۱۱ تا ۱۲ اگست شرکت نہ کرسکے اس لیے انہوں نے ان تاریخوں کے لیے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** قاضی محمد انور صاحب نے اپنی نجی مصروفیات کی بنا پر آج مورخہ یکم ستمبر کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی درخواست منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** راجہ اورنگ زیب صاحب ملک سے باہر ہیں' اس لئے انہوں نے یکم تا 6 ستمبر تک ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** پروفیسر ساجد میر صاحب ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے گزشتہ اجلاس میں شرکت نہ کر سکے۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** جسٹس ڈاکٹر جاوید اقبال صاحب نے ملک سے باہر ہونے کی وجہ سے یکم تا 11 ستمبر تک کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** ملک عبدالرؤف خان صاحب گزشتہ اجلاس میں مورخہ 9 تا 12 اگست اجلاس میں شرکت نہ کر سکے اس لئے انہوں نے ان تاریخوں کے لئے ایوان سے رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی درخواست منظور فرماتے ہیں۔

(رخصت منظور کی گئی)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** کیپٹن حلیم صدیقی صاحب نے اطلاع دی ہے کہ وہ کراچی میں سرکاری مصروفیات کے باعث یکم تا 6 ستمبر تک اجلاس میں شرکت نہیں کر سکیں گے۔ ایک messageجو کہ ہمیں یہاں سینٹ میں receive ہوا ہے جو کہ جناب علی نواز شاہ صاحب کی

arrest کے بارے میں ہے اور دوسرا ایک بل conduct of the National Assembly اس کے حوالے سے ہے۔ میں پڑھتا ہوں یہ ہے۔

## MESSAGES

1. Arrest of Senator Mr. Ali Nawaz Shah. This is to inform you that Senator Ali Nawaz Shah has been arrested on 25th August 1999 by the police in the Case No.48/99 Police Station Cantt. , Hyderabad , under Sections 7 (a),7 Anti Terrorism Act 1999, 341, 353, 427, 188 Pakistan Penal Code.

*(Vioces: Shame, Shame)*

**Mr. Deputy Chairman:** It is submitted that the information about the arrest of the Senator was erroneously communicated to the Secretary National Assembly of Pakistan which is regretted. Your are requested to apprise all concerned.

دوسرا ہے۔

2. In pursuance of the Rule 122 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, 1992, I have the honour to inform that the National Assembly has passed Pakistan Arms (Amendment) Bill, 1999. A copy of the Bill, as passed by the National Assembly is transmitted herewith.

**Mr. Deputy Chairman:** Item No. 3. Minister for Parliamentary Affairs. Yes on a point of order Mr. Raza Rabbani.

**Mian Raza Rabbani:** Sir, it was agreed with the Chairman, then in the Combined Opposition meeting that our motions would be taken up and discussion would be held on that. We are not here to facilitate the government who does not bother to call the Session to carry out its agenda.

آج ملک جل رہا ہے اور جو most pressing issues ہیں ان کو آپ پہلے take up کریں، یہ orders of the day جو ہے this can wait. And this is what was decided اور میں سمجھتا ہوں کہ جو decision وہاں پر ہوا ہے اس کے مطابق ہاؤس کو چلنا چاہیئے اگر حکومت اس discussion سے resile کرنا چاہتی ہے تو پھر ٹھیک ہے۔

جناب ڈپٹی چیئرمین۔ جی Minister for Parliamentary Affairs

Mian Raza Rabbani: Sir, the Minister for Parliamentary Affairs was there in that meeting.

Mr. Deputy Chairman: Minister for Parliamentary Affairs were you there?

میاں محمد یٰسین خان وٹو۔ ہاں جی وہاں پہ Leader of the House اور باقی ممبران کی موجودگی میں فیصلہ ہوا ہے اس کے مطابق یہ move کر دیں ہم اسے oppose نہیں کریں گے۔

Mian Raza Rabbani: Sir, I beg to move that the Senate do adjourn to discuss the autocratic actions of the regime resulting in brutal state of repression of political activities especially in the Province of Sindh.

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی ۔

(مداخلت)

میاں رضا ربانی ، کیا اتنی پریشانی ہوگئی ہے کہ یہ اس طرف توجہ ہی نہیں دیتے He is not attentive to what is going on in the House بوکھلاہٹ کا یہ عالم ہے ۔

میاں محمد یٰسین خان وٹو: میں یہ عرض کرتا ہوں کہ لیڈر آف دی ہاؤس کے ساتھ جو بات ہوئی ہے وہ تشریف لے آئے ہیں ہم اس کو oppose نہیں کرتے ۔ اس کو discuss کرلیں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: جی راجہ صاحب ۔

راجہ محمد ظفرالحق، چیئرمین صاحب کے چیمبر میں یہ طے ہوا تھا - کہ چونکہ یہ ریکوزیشن سیشن ہے اور اپوزیشن جس ایشو کو اٹھانا چاہےہمیں کوئی اعتراض نہیں - اور اگر وہ سندھ کی صورت حال پر کوئی بات کرنا چاہتے ہیں تو وہ کریں -

جناب ڈپٹی چیئرمین- جی -

میاں رضا ربانی ، آپ oppose نہیں کرتے - یہ کہہ دیں تاکہ ریکارڈ پر بات آ جائے کہ not opposed

جناب ڈپٹی چیئرمین، انہوں نے کہہ دیا ہے -

میاں رضا ربانی - ٹھیک ہے جناب -

میاں محمد یٰسین خان وٹو، ہم اسے oppose نہیں کرتے اس پر بحث شروع کریں -

جناب ڈپٹی چیئرمین، اس پر بحث شروع کریں -

میاں محمد یٰسین خان وٹو، اس کا طریقہ کار وضع کرلیں یہ زیادہ مناسب ہوگا تاکہ سارے فریقین کو پورا موقع مل جائے کہ وہ اس میں حصہ لے سکیں -

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی -

چوہدری محمد انور بھنڈر، جناب والا! دراصل بات یہ ہے کہ جو بھی طے ہوا ہے کیا کیا ایشوز ہیں ہمیں تو کچھ معلوم نہیں ہے- ہمارا بھی حق ہے کہ ہمیں معلوم ہو کہ کیا کیا discuss ہوگا - اس ہاؤس میں آپ نے کیا discuss کرنا ہے - کتنے دن بات کرنی ہے ، کتنا وقت دے رہے ہیں - کیا شیڈول ہے ، کیا پروگرام ہے - ہمیں بھی اس بحث میں حصہ لینے کا حق حاصل ہے - اس لئے پوچھنا چاہتے ہیں کہ آپ نے کیا فیصلہ کیا ہے یا ابھی آپ نے فیصلہ کرنا ہے - کون سا مسئلہ آپ نے discuss کرنا ہےہمیں یہ بتایا جائے -

جناب ڈپٹی چیئرمین، جی ٹھیک ہے جی شروع کریں -

میاں رضا ربانی، جناب چیئرمین صاحب! راجہ صاحب اور اجمل خٹک صاحب کے درمیان

جو بات ابھی طے پائی ہے وہ یہ ہے کہ تمام پارٹیز کے جو لیڈرز ہیں ان کو بیس منٹ اور باقی سینیٹرز جو ہیں وہ پندرہ منٹ فی سینیٹر اس ایشو پر بات کریں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین، ٹھیک ہے جی ۔

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman. I am grateful to you .

جناب ڈپٹی چیئرمین، مندوخیل صاحب یہاں پہ cross talk نہ کریں آپ مجھے مخاطب کریں۔ جی رضا ربانی صاحب ۔

## Re: DISCUSSION ON THE SITUATION OF SINDH.

Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman! I am grateful to you that you have given me this opportunity to take, through you, the House and the Nation into confidence as to the manner in which the political , economic, and cultural rights of the people of the Province of Sindh are usurped. That province which was instrumental in the creation of Pakistan, that Province which has spared no effort, at the cost of its economics, at the cost of its political rights and at the cost of its political leadership to the extent that it allowed its Prime Minister to be murdered.

But yet it stood fast to the principles of federalism. Today that Province bleeds, today that province is being crushed under the boot of a political minority in the province which takes its strength from the coterie in Raiwind. Sir, this House has witnessed many a debates in which we have laid bare the constitutional genocide that has been committed upon the political and constitutional rights of the province of Sindh. We have laid bare the manner in which this regime has sought to tear asunder the very fabric and fibre of the federation of Pakistan. How their policies have sought to alienate not only the

land of Bhitai but also Pakhtoon Khawah and Balochistan. How it has led to a feeling of deprivation. How the smaller provinces don't feel a part and parcel of the federation. How they feel that governance is not for them that they and their own country, a country for which they fought, a country for which they struggled, a country for which their forefathers gave their lives are today being treated as second class citizens. Where it seems that the order of the day is that the burden to rule rests only, solely and exclusively at Raiwind.

Sir, today in that province we took governor's rule with the pinch of sorrow. We were told that the law and order situation in Sindh is deteriorated, that the law and order situation in Sindh is bad but when this regime came out with figures, the law and order situation in Punjab was worst. Rapes, murders, terrorism, killings were far greater in the province of the Punjab but yet this province continues to have its Assembly, continues to have its Chief Minister but my province, the province of Sindh on this very argument of law and order was denied its Assembly. Governor's rule was imposed and that too under Article 232 with the single purpose that it should be perpetuated till such time that Muslim League can make a government, that it should continue without parliament, without the resolution having to go before parliament. If they were democrates, if their intentions were clear, if they had no monkey business in mind for the province of Sindh, they would have gone in for governor's rule under 234 but no, that was not to be, that was not enough. Then came another constitutional illegality whereby the provincial assembly which under Article 232 remains intact was suspended but that was also not enough for them, for their thirst to be quenched, then they went forward to curtail the powers of the Speaker of the Sindh Assembly. That again was not sufficient, that again was not

sufficient for them, they closed the gates of the Provincial Assembly of Sindh on its legislators. People duly elected by the people of Sindh to represent them, to govern them, to give them their voice, they were denied entry into that building. But that again was not enough, that again was not enough, they had to declare the precincts of the Provincial Assembly of Sindh as the prohibited area, a thing which is never happened in the Parliamentary history either here or abroad or in the United Kingdom. A thing that has been totally unheard of , as that was again not sufficient, they went ahead and appointed an Advisor in total violation of the Constitution, in total violation of the principles of Governor's Rule and the Governor of Sindh was stripped of his powers and the powers which otherwise should have been exercised by the Federal Government, namely; the Cabinet , were entrusted to a single individual and the individual who does not have representation in the Provincial Assembly of Sindh he today acts as the defacto Chief Minister of the Province of Sindh.

But that again, sir, was not enough, the Provincial Assembly of Sindh is alive, the Supreme Court has said that the Provincial Assembly of Sindh exists. But yet look at the unfortunate face of my province that I am given a budget, my resources, my taxation, my expenditure over which I have no control, the budget is given to me as if I am a colony by way of a royal decree, by way of a notification. This is the way, this is the manner in which the Province of Sindh is being dealt with and if again that was not sufficient and again if that was not sufficient, the Constitution which according to them is like a plasticene, it can be turned and twisted and rolled into a ball, tossed from one's hand to the other's according to their own whims and dicta. As if that was not sufficient, municipal taxes, octroi, was again, by royal decree, take it away without allowing the

provinces to have a say in, but now, sir, the icing to the cake comes and can you imagine, sir, that the Assembly of Sindh is alive. Elected representatives of the Province are there, the Deputy Speaker (Acting Speaker) is there, the Assembly meets, the Assembly does business, but who is to rule my province? Unelected people, people who do not have a mandate, people who have not gone to the polls, today, they are installed as Advisory Counsel to the Chief Adviser in total violation of the Constitution and of the rules. What moral and political right leave alone the legal aspect of it, what moral right do they have, when they are not members of the Assembly? When the provincial Assemly is alive, what moral right do they have to come and rule the people of Sindh? Simply because the minority Government of the Muslim League could not function, simply because the "Raiwind" wants it that Sindh should be governed by the Muslim league, regardless of the mandate to it or not. Therefore, we, the Combined Opposition, today, totally reject the advisory council that has been formed in Sindh. It is a farce, it is a slur on the democratic institutions and it is the slap on the face of the Provincial Assembly of Sindh and subsequently a slap on the face of electorates of Sindh, to which we in the Senate, who represent the federation, who represent the province of Sindh, who represent the smaller provinces, take an offence, take an exception and we shall not permit this high handedness to continue.

That is not the end of the story of Sindh. Today, Sindh's assets are being sold to feed the fantacies and caprice of the ruling junta of "Raiwind". We said it at the off set that the Motorway is a project which is not economically viable, it is not beneficial for the people of the Punjab, either to the common man. The common Punjabi gains nothing out of it. It is only the elite of Punjabi, the

one who owns mercedeze and BMW, who wants to make it a dictona beach for their speed and thrill, it is only they who will benefit by it.

Today, who is having to pay for those expensive and extravagant habits of the ruling junta, they are the poor, oppressed, deprived people of Sindh. KESC is being sold to DAEWOO so that it can meet the six year loan agreement in which they have defaulted to make payment. So that the assets of Sindh or KESC which are roughly to the tune of 2.5 billion US dollars, can be thrown away for the Lord Masters playing arena at a paltry 600 million. Is this the plight of the province of Sindh? Is this what Sindh is there for, to be looted and plundered? So that the appetite of "Raiwind" can be fulfilled.

But that is not the end of the story. The National Highway, the Super Highway from Karachi to Hyderabad an arbitrary order, without taking the Sindh Government, without taking their own Governor into confidence. The former Governor is on record, Moin-ud-Din Haider, to have said that we have opposed the handing over of the Super Highway to the Fauji Foundation because the 200 million that we get from tolls, particularly after the going of octroi is going to have a telling affect on the economy of Sindh. Their Governor recommended that the money you want to spend on the Motorway, do not spend it there.

سندھ میں کوئی spoiled children نہیں ہیں کہ وہ تیز رفتار گاڑیاں چلانا چاہیں، BMWs لے کر اس پر جانا چاہیں۔ سندھ کی جو دوسری سڑکیں ہیں، جن کی حالت خستہ ہے آپ اس پیسے کو اس کے لئے استعمال کریں لیکن جناب! اس کی بھی اجازت نہیں دی گئی اور arbitrary حکم آیا ہے، میرا خیال ہے اگر میری یاداشت ساتھ دیتی ہے تو اس میں غالباً یہ ہے کہ ۲۱ ستمبر کو اس سپرہائی وے کو hand over کر دیا جائے۔ لیکن بات یہاں پہ بھی ختم نہیں ہوتی۔ جناب! سندھ کا دکھڑا، سندھ کا رونا، سندھ کو جس طرح کچلا جا رہا ہے اسے میں کہاں کہاں اور کیسے کیسے بیان کروں۔

سندھ کی زمین، حکومت سندھ کی زمین، سندھ میں بسنے والے غریبوں کی زمین، سندھ کی

ملکیت اور اس ملکیت کو، سندھ کی ملکیت کو اونے پونے داموں اور کئی مقامات پر تو مفت ایک ایسی اتھارٹی کو، جس کا قانونی کوئی جواز نہیں، جو اس ملک کا سب سے بڑا scam project نکلے گا" میرا گھر"، اس کے نام transfer کی جاتی ہے، کیوں؟ تا کہ ریڈکو کو فائدہ پہنچے۔ construction ہو تو ریڈکو یا اس کے دوست کریں۔ زمین جائے تو اس کو جائے، سندھ کے اثاثوں کو بیچو، سندھ کے اثاثوں کو لوٹو۔ سندھ بھی وفاق کا حصہ ہے جناب۔ سندھ بھی دوسرے صوبوں کی طرح وفاق پر یقین رکھتا ہے لیکن خدارا! سندھ کے ساتھ یہ ظلم رائے ونڈ سے کرنا بند کروائیں کیونکہ جو feelings of deprivation تینوں چھوٹے صوبوں میں اس وقت آ چکی ہیں، وہ وفاق پاکستان کے لئے اچھی نہیں ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ اگر وفاق ہے تو ہم ہیں کیونکہ ہم پیدا یہیں ہوئے ہیں۔ ہمارے assets یہیں ہیں، ہمارا کاروبار یہاں ہی ہے، ہم sugar, dady Vajpayee کے ساتھ بیٹھ کر، کارگل پر جب جوان مارے جا رہے تھے، ہم اس وقت اپنی چینی وہاں نہیں بیچ رہے تھے۔ ہمارے تانے بانے اس دیس کے اندر ہیں، اس لئے جب ایک اکائی کے ساتھ یہ سلوک ہوتا ہے تو اس ہاؤس کا تاریخی کردار بنتا ہے کہ وہ اس چیز کا نوٹس لے۔ جناب! I am seeing you are getting impatient. Just give me five minutes, I am winding up.

Mr. Deputy Chairman: I have already given you twenty two minutes.

Mian Raza Rabbani: Sir, please give me five minutes, I am just winding up.

میں یہ عرض کر رہا تھا آپ سے کہ جناب. وفاق کو آپ کی anti وفاقی پالیسی سے سخت نقصان پہنچ رہا ہے۔

جناب چیئرمین صاحب! اب کیا ہو رہا ہے سندھ میں۔ میں آپ کو مختصر طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کیونکہ سندھ کے پاس اور کوئی فورم نہیں ہے۔ یہ وفاق پاکستان کا ادارہ ہے۔ اگر یہاں پر میں سندھ کی بات نہیں کر سکتا تو پھر کہاں لے جاؤں اپنی فریاد کو۔ جناب آج سندھ میں جو صورتحال پیدا کر دی گئی ہے،

believe me sir, today Sindh is worst off than what it was in the days of Zia. I

have here with me 15 major violations of human rights committed by this regime from the 25th of August till todate. The manner in which political workers belonging to various political parties, including the Pakistan Peoples Party and the MQM, the manner in which they are being picked up, today that figure has gone over 500, but the story does not end here sir. When the police raids the house of a political worker and he is not found there, his father, his brother or any male relative is picked up in lieu.

یہاں تک کہ جناب والا! وہ سیاسی کارکن جو طبعی موت مر چکے ہیں، ان کے گھروں پر ریڈ ہو رہے ہیں اور ان کے لواحقین کو کہا جا رہا ہے کہ آپ جھوٹ بول رہے ہیں۔ ان لواحقین کو arrest کر کے تھانوں میں لے جایا جا رہا ہے۔

جناب چیئرمین! یہ صورتحال ہے صوبہ سندھ کی، ایک اور بات کہ ایک پرامن بھوک ہڑتال ہو رہی تھی، اس پر جس بربریت کے ساتھ چھ دفعہ شیلنگ کی گئی، لاٹھی چارج کیا گیا، خواتین کے بال نوچے گئے، سینیٹر علی نواز شاہ کو arrest کیا گیا، ایم پی اے عقور نظامانی کو ڈنڈے اور لاٹھیوں سے مارا گیا اور پھر Anti-Terrorists Act کے تحت ان کا چالان کر دیا گیا۔

جناب آخری بات تو سن لیں، ابھی تو بڑی لمبی فہرست ہے۔ آخر میں، میں آپ سے صرف یہ عرض کروں گا کہ ایک 25 سالہ بچی، جو 25 سال سے کم عمر کی ہے، حیدر آباد میں، جس کا نام شبانہ ہے، وہ بھوک ہڑتال پر بیٹھی، کس لئے بیٹھی، کیوں بیٹھی؟ GST کے خلاف بیٹھی، سندھ کے خلاف ہونے والی کارروائیوں کے خلاف بیٹھی۔ اس 25 سالہ بچی کو پاکستان کی پہلی دہشت گرد خاتون بنایا گیا، Anti-Terrorists Act کے تحت۔ خالد انور صاحب یہاں بیٹھے ہیں، جناب ایک منٹ Anti-Terrorists Act کے تحت ان کا چالان کر دیا گیا۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you.

Mr. Deputy Chairman: Thank you, please sit down.

میاں رضا ربانی: چیئرمین صاحب! نہایت ادب کے ساتھ میں خالد انور صاحب کو یاد دلاؤں گا کہ جب یہ آرڈیننس اور ایکٹ آیا تھا تو خالد انور صاحب نے یہ فرمایا تھا کہ یہ ایکٹ کسی

بھی سیاسی مخالف کے اوپر استعمال نہیں ہوگا لیکن میں خالد انور صاحب کو دوش نہیں دیتا کیونکہ بہت سے وزراء کے اوپر سپر وزراء ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو پتہ بھی نہیں ہوگا کہ کون سے آرڈیننس آتے ہیں اور کون سے جاتے ہیں۔

Mr. Deputy Chairman: Thank you. Thank you. Akram Shah sahib.

**جناب اکرم شاہ خان:** شکریہ جناب چیئرمین۔ جناب چیئرمین! آج ہمارا ملک عجب صورت حال سے دو چار ہے۔ یہ صرف حکومت کا مسئلہ نہیں کہ حکومت کامیاب جارہی ہے، ناکام ہو رہی ہے یا اس کی پالیسیاں کیا ہیں بلکہ حکومت نے اس ملک کے وفاقی تصور کو خطرے سے دو چار کر دیا ہے اور آج ہمارا یہ ملک جہاں پر وفاقی نظام ہے، انتہائی تشویش ناک صورت حال سے دو چار ہے۔

جناب چیئرمین! یہ ملک چار اکائیوں پر مشتمل ایک وفاق ہے جس میں سندھ، پنجاب، بلوچستان اور پختون خواہ کے صوبے ہیں۔ جہاں پر چار قومیں رہتی ہیں۔ ان کی اپنی اپنی سر زمین ہے جس پر وہ آباد ہیں۔ جب ہمارا یہ ملک بنا تو اس میں پانچ اکائیاں تھیں، پانچ قومیں بستی تھیں اور یہ سب قومیں، یہ اکائیاں اپنی مرضی سے اس ملک پاکستان میں شامل ہوئی تھیں۔ کسی نے نہ تو کسی پر قبضہ کیا تھا اور نہ کسی نے کسی کو مقبوضہ بنایا تھا لیکن روز اول سے ہی یہاں پر اکائیوں کی برابری، قوموں کی برابری، اس ملک کا وفاقی تصور تسلیم نہیں کیا گیا اور پہلے قدم کے طور پر ہماری ایک اکائی، ایک قوم جو اس ملک کا حصہ تھی، بنگالی جو اکثریت میں تھے، ان کی اکثریت کو ختم کرنے کے لیے ان کے ساتھ بے رخی کا قانون بنایا گیا۔ بنگال کو نکال کے باقی ماندہ پاکستان میں بسنے والی قوموں، صوبوں یا اکائیوں کے ساتھ parity کے قانون کی بجائے ان پر ون یونٹ مسلط کردیا گیا۔ پھر تاریخ میں پہلی دفعہ ایک مظہر، ایک phenomenon ظہور پذیر ہوا کہ اکثریت نے اقلیت سے جان چھڑائی اور بنگالی جو اس ملک کے بنانے میں سب سے زیادہ سرگرم اور پیش پیش تھے، انہوں نے اس ملک سے اپنی جان چھڑائی۔

جناب چیئرمین! یہاں سے ہماری تاریخ شروع ہوتی ہے، یہاں سے ہماری سوچ شروع ہوتی ہے، یہاں سے ہماری نیت اور یہ چیزیں ظاہر ہوتی ہیں۔ پھر اس واقعہ کے ظہور پذیر ہونے کے بعد جب یہ ملک ٹوٹا، اس ملک کی اکثریت نے اقلیت سے اپنی جان چھڑائی تو بجائے اس کے

کہ ہم اس سے سبق حاصل کرتے اور باقی ماندہ پاکستان میں رہنے والی قوموں، اکائیوں یعنی پشتون، بلوچ، سندھی، سرائیکی کے حقوق تسلیم کرتے، ان کی رائے تسلیم کرتے، ان کی اکائیوں کو تسلیم کرتے، ہم نے ان کے ساتھ کالونیوں جیسا رویہ جاری رکھا اور ان کو اپنی کالونیاں سمجھا اور جناب چیئرمین! آج پوزیشن یہ ہے کہ ہمارا ملک جیسا کہ میں نے پہلے گزارش کی کہ یہ ایک وفاقی پارلیمانی جمہوریت ہے، وفاق کے تصور سے شروع سے ہی یہاں کے حکمرانوں نے کبھی بھی اس کو تسلیم نہیں کیا، نتیجہ یہ ہوا کہ ملک توڑ دیا۔ باقی بچے کھچے وفاق میں کبھی اس تصور کو پنپنے نہیں دیا گیا۔

پھر جناب چیئرمین! جب ہمارا ملک بنا تھا تو اصول یہ تھا کہ وہاں پہ پارلیمانی جمہوریت ہو گی لیکن نو سال تک اس ملک کو بے آئین رکھا گیا۔ پھر اس کے بعد جو آئین بنے، ایوب خان کا آئین، جوکہ ایک dictator تھا جس میں نہ قوموں کے حقوق کو تسلیم کیا گیا، نہ یہاں پہ پارلیمانی جمہوریت بننے دی گئی، نہ یہاں پہ عوام کے جمہوری حقوق کو تسلیم کیا گیا۔ جناب چیئرمین! اس سے بڑی بدقسمتی کیا ہو گی، آج ایک ایسا شخص ہمارا وزیر اعظم ہے جوکہ اس ملک پر گیارہ سال تک بدترین آمریت مسلط کرنے والے جنرل ضیاء الحق جس کی گیارہ سال ملک پہ fascist، آمر حکومت مسلط رہی، آج ہمارے ملک کا جمہوری وزیر اعظم اس کی قبر پہ جا کر جلسے کرتا ہے، اسے اپنا hero سمجھتا ہے اور کہتا ہے کہ میں اس کے mission کو آگے بڑھاؤں گا۔ پھر جمہوری ملک کا، جو ہم سمجھتے ہیں کہ ہمارے ملک میں یہ ایک پارلیمانی جمہوریت ہے وہ گیارہ سالہ آمر کو اپنا hero سمجھتا ہے۔ اس کی قبر پہ ہر سال جا کر برسی مناتا ہے اور کہتا ہے کہ میں اس کے mission کو آگے بڑھاؤں گا۔ اس سے آپ خود اندازہ لگا لیں کہ یہاں پر کتنی جمہوریت کی توقع کریں، ہم کتنی پارلیمنٹ کی بالادستی کی توقع کریں اور یہاں پہ ہم عوام کے کتنے حقوق کے تحفظ کا اندازہ لگائیں۔

جناب چیئرمین! اب سندھ کی طرف آتے ہیں۔ آج سندھ کی جو صورت حال بنا رکھی ہے۔ ایسے لگتا ہے کہ ہم نے کوئی ابھی ابھی ایک مقبوضہ، ایک جگہ جا کر ہم نے قبضہ کر لیا ہے، ایک مقبوضہ بنا لیا ہے اور ہم اس کے لئے ایک نظام بنا رہے ہیں۔ ہماری مسلح Forces حیدر آباد میں اسلحے کے ساتھ DIG کی قیادت میں شہر کے اندر جلوس نکال کے وہاں پہ march کرتے ہیں، یہ لوگوں کے لئے کیا پیغام ہے۔ ایک شہر کے اندر DIG کی قیادت میں ہمارے مسلح پولیس والے حیدر آباد شہر کے اندر سڑکوں پہ march کر رہے ہیں۔ یہ تو نازیوں کے زمانے میں جب وہ

کہیں جا کر قبضہ کرتے تھے تو لوگوں کو دہشت زدہ کرنے کے لئے وہ سڑکوں پر جا کر march کرتے تھے۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ پنجاب نے سندھ میں اپنا viceroy مقرر کیا اور تمام اختیارات اس کے حوالے کئے۔ جناب چیئرمین! اس وقت کی باتیں ہیں جب ہم انگریز کی colony تھے، وہاں سے انگریز viceroy بن کر آتا تھا۔ اب سندھ میں پنجاب سے viceroy بھیجا گیا ہے اور اب اس نے دو دن قبل غیر منتخب لوگوں کی اپنی کونسل بنائی۔ ہم لوگوں کو یہ کیا پیغام دے رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ ہم اپنے ملک کے ساتھ رہنے والی وفاقی اکائیوں کو، قوموں کو کیا پیغام دے رہے ہیں۔ علی نواز شاہ صاحب نے بھوک ہڑتال کی ان کو دہشت گرد قرار دے دیا گیا۔ باقی لوگوں کے نام رضا ربانی صاحب نے لئے، اس وقت جس نے جلسے میں شرکت کی، جس نے جلوس میں شرکت کی، جس نے بھوک ہڑتال کی اس پر دہشت گردی کے دفعات لگا دیئے گئے۔ جناب چیئرمین! اب ہم کہتے ہیں کہ ہمارے ملک میں جمہوریت ہے، پارلیمانی جمہوریت ہے، پارلیمنٹ کے اختیارات ہیں۔ سندھ کی منتخب اسمبلی سے تمام اختیارات چھین لئے گئے ہیں۔ ان کے پاس کوئی اختیار نہیں ہے تو آخر colony کس چیز کو کہتے ہیں، مقبوضہ کس چیز کو کہتے ہیں، ایک فتح کی ہوئی زمین کس چیز کو کہتے ہیں تو جناب چیئرمین! میں وقت کا خیال کرتے ہوئے یہ گزارش کروں گا کہ ہمارے حکومت کے ساتھی ہیں، دوست ہیں مہربانی کریں، وہ ہوش کے ناخن لیں کہ ان ہتھکنڈوں سے وہ اپنی حکومت کی عمر قطعاً نہیں بڑھا سکتے ہیں۔ کبھی بھی ایسا نہیں ہوا ہے کہ اپنے آمرانہ طریقوں سے، اپنے جابرانہ طریقوں سے اور اپنے fascit طریقوں سے باشعور عوام کو کوئی دبائے رکھ سکتا ہو۔ تاہم آپ اپنی حکومت کی طوالت کے لئے اس ملک کے وفاق کو نقصان پہنچا رہے ہیں اور ہم یہ بات نہیں چھپاتے ہیں کہ آپ چھوٹی قومیتوں کو لے لیں یا چھوٹے صوبوں کو لے لیں، ان کی وفاق سے تشویش بجا ہے بلکہ اگر میں یہ بھی کہوں تو زیادہ گناہ نہیں ہوگا کہ ان کی نفرت وفاق سے بڑھتی جا رہی ہے۔ اس لئے مہربانی کرکے یہاں وفاق کے تصور کو فروغ دیا جائے۔ وفاق میں رہنے والی اکائیوں بلوچی، سندھی، سرائیکی، پٹھان اور پنجابی ان سب کے حقوق کا خیال کیا جائے۔ اس ملک میں پارلیمانی جمہوریت کو پنپنے دیا جائے۔ پارلیمنٹ، قومی اسمبلی، سینٹ اور صوبائی اسمبلیوں کے اختیارات، ان کے احترام اور ان کی بالا دستی کو تسلیم کیا جائے۔ عوام کو اپنے جمہوری حقوق دئے جائیں۔ تحریر و تقریر، جلسہ و جلوس جو ہمارے ملک

کے بنیادی حقوق ہیں، ان کو تسلیم کیا جائے اور ان کو ان کا بنیادی حق سمجھا جائے۔

اب اس قسم کے بیانات کہ جو شخص جلسے و جلوس نکالے، ان کو دیکھتے ہی گولی مار دو۔ میں عرض کرتا ہوں کہ یہ آپ کی گولیاں ختم ہو جائیں گی اور اس ملک کے عوام پھر بھی بچ جائیں گے ۔یہ ایک طرح کا ظلم و جبر ہے ۔ اس قسم کے تجربات اس ملک میں کئے جا چکے ہیں ۔ یہاں پر بڑے بڑے آمر ، بڑے بڑے جابر اور بڑے بڑے fascists آئے اور اس ملک کے عوام نے ان کو اٹھا کر باہر پھینک دیا ہے ۔آپ چونکہ اپنے آپ کو منتخب حکومت کہتے ہیں ۔ آپ اپنے آپ کو بھاری mandate والی حکومت کہتے ہیں ۔ اس لئے آپ اپنے ان ہتھکنڈوں سے واپس پلٹ جائیں ۔ ان آمرانہ طریقوں کو چھوڑ دیں ، آمرانہ روش کو چھوڑ دیں ۔ fascist طریقوں کو چھوڑ دیں ۔ایک colonization کی آپ کی جو پالیسی ہے ، اس کو چھوڑ دیں ۔ اگر آپ نے ان تجاویز پر عمل کیا تو ہم سمجھتے ہیں کہ اسی صورت میں ہی یہ ملک چل سکتا ہے ۔ اس سے یہاں کے عوام خوشحال ہوں گے ۔ لوگ مطمئن ہوں گے ۔ بہت بہت شکریہ ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** نثار خان صاحب ۔

**جناب نثار محمد خان۔** میں کل تقریر کرنا چاہوں گا ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین ۔** ٹھیک ہے ۔ محترمہ فضہ جونیجو صاحبہ ۔ would you like to speak?

**محترمہ فضہ جونیجو۔** آج نہیں ، کل مجھے موقع دے دیں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین ۔** صوبیدار مندوخیل صاحب ۔

**جناب صوبیدار خان مندوخیل۔** جناب چیئرمین ! آپ کی بہت مہربانی ہے کہ آپ نے اس sensitive معاملہ پر مجھے اظہار خیال کرنے کا موقع دیا ہے ۔ یہاں بات ہو رہی ہے کہ ہماری مسلم لیگ گورنمنٹ نے یہ ظلم کیا ہے ،وہ ظلم کیا ہے ۔ سندھ جل رہا ہے ۔ پاکستان جل رہا ہے۔ میں اس سلسلے میں عرض کرتا ہوں کہ مجھے بتایا جائے کہ یہ سب کچھ کہاں ہو رہا ہے۔ تاہم اگر ان کے اندر آگ لگی ہوئی ہے تو انشاء اللہ ہماری گورنمنٹ اسے بجھائے گی۔ ہماری حکومت میں ، میاں صاحب کی قیادت میں ، میں سمجھتا ہوں کہ یہ پہلا موقعہ ہے کہ پاکستان میں خوشحالی کا دور شروع ہوا ہے ۔فارن پالیسی کے متعلق ہماری حکومت نے جو کارروائی کی ہے ، وہ تسلی بخش

ہے۔ اب اگر ان کی اپنے ملک سے کوئی وفاداری نہیں ہے ، وابستگی نہیں ہے تو میرے خیال میں ان کو یہ سب کچھ نظر آرہا ہے ۔ البتہ ہم سب میاں نواز شریف کی قیادت میں ایک ساتھ ہیں۔ مسلم لیگ نے اس ملک کو بنایا ہے ۔ انشاء اللہ مسلم لیگ کی یہ ذمہ داری ہے اور یہ ہم پر عائد ہوتی ہے کہ ہم اس کی حفاظت کریں اور ترقی کی طرف اس ملک کو گامزن کریں میں اپنے بھائیوں سے گزارش کروں گا اور ان سب کا احترام کرتا ہوں کسی کی دلآزاری نہیں کرتا۔ میں صرف ایک بات اپنے ہی لیے عرض کروں گا ۔ ہمارے والد صاحب نے ۱۹۴۲ء میں مسلم لیگ کو join کیا۔ میرے لیے مسلم لیگ ایسے ہے جیسے ماں ، اور یہ ملک بھی ایک ماں کی طرح ہوتا ہے ۔میں سمجھتا ہوں کہ ملک سے پیار کرنا چاہیئے ۔جناب ملک کو بنے ہوئے تقریباً آدھی صدی گزر گئی ہے ۔میں نہیں سمجھتا ہوں کہ آج تک کسی نے ملک کے ساتھ پیار کیا ہویا ملک کے لئے کچھ قربانی دی ہو۔ آج ہمیں ایک لیڈر کے طور پر نواز شریف مل گیا ہے ۔وہ کوشش کر رہے ہیں کہ ملک ترقی کرے۔ ان کی خواہش ہے ان کی آرزو ہے ۔ جناب میں اپنے ایمان سے کہتا ہوں کہ نواز شریف کی آرزو ہے اور ہماری مسلم لیگ کی بھی کہ ملک میں ایسا نظام آئے ایسا طریقہ آ جائے جیسے امریکہ میں ہے جاپان میں ہے یورپ میں ہے ۔ کوئی بھی کسی کے سامنے ہاتھ نہ پھیلائے ۔یہ اگر بری بات ہے تو میں نہیں سمجھتا کہ یہ ملک ترقی کر جائے گا۔ایسے ہی ایک دوسرے کی ٹانگ کھینچتے رہیں گے اور صحیح آدمی کی پشت پناہی نہیں کریں گے ، ان کے ہاتھ نہیں مضبوط کریں گے تو یہ ملک جیسے ۱۹۷۲ء میں دو ٹکڑے ہو گیا ابھی پھر چار ٹکڑے ہو جائے گا۔

میں آپ کے توسط سے اپنے بھائیوں سے گزارش کروں گا ۔ ہاتھ جوڑوں گا کہ خدارا ! اس ملک کے لئے ہمارے ساتھ مل کر بیٹھ کر مسائل حل کریں ۔ ہم سب پاکستانی ہیں ہم سب بھائی ہیں۔ہم نے آپ لوگوں کو اپوزیشن نہیں سمجھا کوئی ایسی بات نہیں ہے ۔ہمارے ساتھ مل کر کوئی مثبت سوچ اختیار کریں ۔ اس ملک کو ترقی کی طرف میاں صاحب لے جا رہا ہے ۔ہمارا ساتھی لے جا رہا ہے ۔ مسلم لیگ لے جا رہی ہے ۔ہم سب مل کر اس ملک کی ترقی کے لئے کچھ سوچیں ۔ باتیں بہت ہوئی ہیں ۔ میں ان کو دہرانا نہیں چاہتا ہوں۔میں یہ نہیں کہتا کہ ۷۲ء کا دور کیسا تھا ۔ میں نہیں کہونگا کہ ۱۹۵۸ء کا دور کیسا تھا ۔ ۱۹۴۷ء کا دور کیسا تھا ۔ ہمارے جتنے بھی بھائی یہاں پر ہیں وہ بخوبی واقف ہیں اور ان کو اچھی طرح معلوم ہے کہ ۵۰ سال میں کس نے کیا کیا ۔یہ دہرانا فضول ہے ۔لیکن اس وقت ہمیں ایک ایسا لیڈر ملا ہے ۔اللہ کا فضل ہے ۔ اللہ کا شکر ہے کہ

وہ اس ملک کے لئے ، عوام کے لئے، خدمت کرنے کے لئے دن رات کوشش کرتا ہے اور ہم اگر ان کی ٹانگ کھینچتے ہیں تو میں نہیں سمجھتا ہوں کہ ہمیں ملک سے کتنا پیار ہے۔

(مداخلت)

**جناب صوبیدار خان مندوخیل۔** آپ نے جتنی بھی speeches کیں ہم لوگ خاموش رہے۔ لہٰذا آپ لوگوں کو بھی خیال رکھنا چاہیئے ۔جناب یہ ہماری کمزوری ہے کہ ہم دوسرے کے ہاتھوں میں کھیلتے ہیں ۔دوسروں کے اشاروں پر چلتے ہیں۔ہمارا اپنا ملک ہے اس کے لئے اگر جتنی بھی کوشش کریں کم ہے ۔ کیوں ہم ---

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** شکریہ جی ،

**صوبیدار خان مندوخیل۔** نہیں میں آپ سے ایک گزارش کروں کہ میں نے پہلے آپ سے کہا کہ میں تھوڑا ٹائم لوں گا میں اپنے بھائیوں سے یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں۔ ہم سب کو خدا نے عقل دی ہے۔ دماغ دیا ہے۔ ہمارے ملک میں بہت اچھی سوچ ہے ۔ بہت اچھے لوگ ہیں۔بڑے اچھے دماغ والے ہیں اور ہماری اپوزیشن میں جو بیٹھے ہوئے ہیں میں تو ان کو اپنا بھائی سمجھتا ہوں ۔ سب جتنے بھی ہیں ماشاء اللہ وہ تعلیم کے لحاظ سے ، سچائی کے لحاظ سے اچھے ہیں۔ صرف یہ اپوزیشن برائے اپوزیشن کو ترک کرکے ہمارے ساتھ مل کر اس ملک کی بھلائی کے لئے کام کریں ۔ سب سے غلطی ہوتی ہے ۔جو بھی غلطی ہے ، مل کر بیٹھ کر سوچ کر اس پر ہم بات کر سکتے ہیں ۔اس کا ہم حل تلاش کر سکتے ہیں۔ ہمارا ملک ماشاء اللہ بہت اچھا خوبصورت ملک ہے ۔ہر چیز سے مالا مال ہے۔صرف اس میں ہمیں یہ کرنا چاہیئے کہ ہم مل بیٹھ کر اس ملک کو چلائیں۔

میں اپنے بھائیوں سے گزارش کروں گا اور ان سب کا احترام کرتا ہوں۔ جناب یہ میں نے پہلے کہہ دیا ہے کہ میں کسی اور دور کی کسی بات کو repeat نہیں کروں گا۔ سب بھائیوں کو پتہ ہے۔ ملک اچھے، احسن طریقے اور خوشی سے چل رہا ہے ۔ ترقیاتی کام بھی ہو رہے ہیں۔ ہر ایک محاذ پر development ہو رہی ہے ۔ہماری خارجی اور داخلی پالیسیاں بھی اچھی ہیں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** شکریہ جی ۔ پوائنٹ آف آرڈر کمال رضوی صاحب ۔

(مداخلت)

**جناب ڈپٹی چیئرمین۔** جی پوائنٹ آف آرڈر ۔

**Syed Mustapha Kamal Rizvi:** Thank you very much, Mr. Chairman. I know this speech is going on regarding Sindh. It is a very important speech but at the same time I would like to say here Mr. Chairman,

یہ بھی ایک بہت اہم معاملہ ہے۔

is a matter of extra-judicial killing of one of our workers. Muhammad Rafiq, ge 25 years, S/o Abdul Rashid, was apprehended, not apprehended basically it was in the news today. He was on motorbike with another person in iaquatabad, Mr.Chairman.

محمد رفیق کو، میرے خیال میں لیاقت آباد کی پولیس والوں نے روکنے کے لئے اشارہ کیا but he did not stop. He was fired upon by the instructions of the SHO of Liaquatabad. He was hit by more than seven bullets I think, Mr.Chairman, at a very close range محمد رفیق کو extra-judicially kill کیا گیا۔ اسی دوران this incident happened on 29th of this month اور اسی دن، پولیس تین چار دن پہلے ان کے والد صاحب کو گھر سے arrest کر کے لے گئی تھی اور محمد رفیق کے بارے میں دریافت کرتی رہی and he was very much torturned in the custody of the police بیچارے کو جب دو دن کے بعد ۲۱ تاریخ کو کل رہا کیا گیا تو he read in the newspapers that his son has been extra-judicially killed, Mr. Chairman. اب جناب میری سمجھ میں نہیں آرہا کہ یہ ہو کیا رہا ہے

what is happending in the Province of Sindh? Do they want to start eliminating people on point to point ranges, the police has been given, completely, a free hand in the Province of Sindh, Mr.Chairman.

کہ جس کو چاہو، جہاں چاہو ہلاک کر دو۔ آج کے اخبار میں بھی بیان ہے کہ ۲ تاریخ کو آپ جس کو دیکھیں اس کو on sight گولی مار دیں۔

Mr. Chairman, sir, if you are going to colonize Sindh like this, this is not ll, Mr. Chairman

اور یہ جو extra-judicial killings ہوئی ہیں-----

**Mr. Deputy Chairman:** Thank you. What you do in your address tomorrow is that the same. Please raise all these points.

You will still be on your legs ۔جی اجلاس کل ساڑھے نو بجے تک کے لئے ملتوی کرتے ہیں tomorrow.

---

*(The House was then adjourned to meet again on Thursday, the 2nd of September, 1999 at 9.30 A.M.)*

---